© rasailojaraid.com



۲ - کتاب الوسیلہ

یہ رسالہ اس مسئلے کی وضاحت کرتا ہے کہ پیغمبر اسلام علیہ الصلواۃ والسلام سے کوئی ایسی دعا ثابت نہیں جس میں کسی کے وسیلہ یا سفارش سے اللہ تعالی سے کوئی مراد مانگی گئی ہو،

عوام الناس بزرگوں سے برکت حاصل کرنے کو اچھا سمجھتے ہیں، اور اس طرح گویا اپنی عاجزی کا اعتراف کرتے ہیں، اپنی مراد اللہ ہی سے چاہتے ہیں، البتہ بزرگوں، انبیاء اور صحابہ و مقربین بارگاہ الہی کا نام بطور سفارش لیتے ہیں -

بڑے افسوس کا مقام یہ ہے کہ آج کل کے اہل علم اور اہل حدیث، اور تعلیم یافتہ موجودہ دور کے اور مغربی تہذیب کے سارے غلط طریقوں اور غیر اسلامی اسلوب کے ایسے خوگر ہوگئے ہیں کہ ہر ہر قدم پر دوسروں کی سفارش کرتے اور چاہتے ہیں، اور اپنے اغراض و مقاصد کے آگے دوسروں کے حقوق کو پامال کرنے اور کرانے میں فخر و کامیابی محسوس کرتے ہیں، اور یہ بھول جاتے ہیں کہ وہ اللہ بزرگ و برتر کے نزدیک قابل گرفت بنتے ہیں،

اللہ تعالی صحیح اسلامی طریقے پر چلنے کی توفیق ہم سب مسلمانوں کو بخشے۔ آمین، ثم آمین -

محمد صغیر حسن معصومی

---

فتاوی عالمگیریہ : (عربی متن مع اردو ترجمہ)

جزء : ۴ قیمت چار روپے

ناشر:- مجلس منتظمۂ اشاعت فتاوی عالمگیریہ

پتا : مولانا محمد صادق ناظم مجلس منتظمۂ، سہگل آباد، ضلع جہلم

ہندوستان کے مشہور مغل شہنشاہ محی الدین اورنگزیب عالمگیر کی سرپرستی میں علماء کی ایک مجلس نے فتاوی عالمگیریہ کی تدوین کی۔ قرآن

© rasailojaraid.com